9 دسمبر 2024ء

## میسرز الحمید انٹر نیشنل منی ایکسچینج (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے اجازت نامے / لائسنس کی منسوخی

بینک دولت پاکستان نے فارن ایکسچینج ریگولیشنز ایکٹ، 1947ء کے تحت متعلقہ قوانین اور اسٹیٹ بینک کے ضوابط کی خلاف ورزی پر میسرز الحمید انٹر نیشنل منی ایکسچینج (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو جاری کردہ اجازت نامہ / لائسنس 09 دسمبر 2024ء کو منسوخ کر دیا ہے۔

لٰہذا اب مذکورہ ایکسچینج کمپنی بشمول اس کے ہیڈ آفس اور ذیلی دفاتر زرِ مبادلہ سے متعلق کسی بھی قسم کی کاروباری سر گرمی انجام نہیں دے سکتے۔

****